”اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اور میری قبر کو میلہ گاہ نہ بناؤ مجھ پر درود بھیجو تمہارا بھیجا گیا درود مجھ تک پہنچتا ہے تم چاہے جہاں بھی رہو“

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: ”اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اور میری قبر کو میلہ گاہ نہ بناؤ مجھ پر درود بھیجو تمہارا بھیجا گیا درود مجھ تک پہنچتا ہے تم چاہے جہاں بھی رہو“

[حسن] [رواه أبو داود]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے گھروں کو نماز سے خالی رکھنے سے منع کیا ہے کہ وہ قبرستان کی طرح ہو جائیں، جہاں نماز پڑھی نہیں جاتی ہے آپ نے اپنی قبر کی بار بار زیارت کرنے اور وہاں ایک خاص طریقہ سے جمع ہونے سے منع کیا ہے، کیوں کہ یہ شرک کا سبب ہے آپ نے روئے زمین کے کسی بھی حصہ سے درود و سلام بھیجنے کا حکم دیا ہے، کیوں کہ آپ پر بھیجا گیا درود و سلام قریب و دور ہر جگہ سے یکساں طور پر پہنچ جاتا ہے لہذا آپ کی قبر کے پاس بار بار جانے کی ضرورت نہیں ہے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/3350